© rasailojaraid.com

اور نہ مجلس عمل نے اس بارہ میں گرمئ عمل کا ثبوت دیا۔ اب مدتوں بعد یہ مسرت انگیز خبر سامنے آئی کہ صدر پاکستان نے ایک حکم کے ذریعہ سینیٹ کے انتخابات میں حصہ لینے والے مسلمان امیدواروں پر لازمی قرار دیا کہ وہ اس مضمون کا حلف اٹھائیں گے کہ وہ حضور اقدس کو اللہ تعالیٰ کا آخری نبی تسلیم کرتے ہیں۔ اور وہ کسی ایسے شخص کو مسلمان تسلیم نہیں کرتے جو حضورؐ کے بعد کسی بھی معنی یا مفہوم میں نبوت کا دعویدار ہو شناختی کارڈوں کیلئے جو نئے فارم سامنے آچکے ہیں ان پر بھی حلف نامہ کی ایسی عبارت صاف اور غیر مبہم الفاظ میں موجود ہے۔ ضرورت ہے کہ اس سے قبل اب تک جاری شدہ شناختی کارڈوں کے بارہ میں بھی ایسی ہی کارروائی کی جائے اور یہ کہ کسی مرزائی کے پاسپورٹ، شناختی کارڈ اور دیگر کاغذات میں واضح طور پر اس کا مرزائی ہونا واضح کر دیا جائے تاکہ کسی بھی مسلمان ملک کو مغالطہ اور فریب کا شکار نہ ہونا پڑے۔

اس ضمن میں دیم تحریر متحدہ عرب امارات کی ریاست ابوظہبی کی عدالت عالیہ کے اس ایمان افروز فیصلہ کا متن بھی سامنے آچکا ہے۔ جس کا ترجمہ درج ذیل ہے:

"مذکورہ بالا امور کے پیش نظر میں حکومت کے ذمہ داروں کو ہدایت کرتا ہوں کہ قادیانیوں کو بیک بینی دوگوش متحدہ عرب امارات سے ملک بدر کر دیا جائے۔ اور آئندہ داخلہ ممنوع قرار دیا جائے۔ ہماری حکومت کو قادیانیوں کے پاسپورٹ میں لفظ قادیانی نوٹ کر لینا چاہیئے۔ ان کا لٹریچر ضبط کر لیا جائے اور پڑھنا پڑھانا ممنوع، نیز حکومت کو لازم ہے کہ قادیانیوں کے عقائد باطلہ کو بے نقاب کرنے کیلئے تمام ذرائع ابلاغ سے کام لے تاکہ مسلمانوں پر واضح ہو کہ قادیانیت ایک الگ مذہب اور اسلام سے خارج ہے۔ اور یہ کہ قادیانی غیر مسلم اور مرتد ہیں۔" (احمد بن عبدالعزیز آل مبارک رئیس القضاۃ ۲۹/۵/۱۳۹۵ھ)

ہم ابوظہبی کی اسلامی عدالت کو تہ دل سے اس مومنانہ فیصلہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے دیگر اسلامی ممالک سے اسکی تقلید کرنے کی اپیل کرتے ہیں۔

---

ویٹ نام سے بعد از خرابئ بسیار امریکی سامراج کا جنازہ نکل گیا۔ ۳۰ سالہ جنگ میں امریکہ کے ہاتھ کیا آیا؟ ۲۳ لاکھ افراد لقمۂ اجل بنے، دو کروڑ بے گھر، نو لاکھ یتیم ویت نام کی آدھی آبادی پناہ گاہوں سے محروم ہوئی امریکہ نے پونے بیس کھرب روپے اس آگ میں پھونک ڈالے جو پوری دنیا کو بھوک سے نجات کا ذریعہ بن سکتے تھے اور جس سے ڈھائی سو سال تک، پاکستان کا بجٹ پورا ہو سکتا تھا۔ امریکہ کو اس کے عوض ملا تو کیا؟ عالمی رسوائی، ذلت، شرمندگی، درندگی اور بہیمیت کا سرٹیفکیٹ۔ اب تھائی لینڈ سے امریکہ بھگایا

© rasailojaraid.com